## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
كليه عربی وعلوم اسلاميه
**شعبہ قرآن و تفسیر**

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: تفسیری ادب میں منتخب نصوص کا مطالعہ 2(1962)

سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

## ہدایت نامہ برائے طلباء

**بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)**

**عزیز طلبہ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ:1تا 5 )

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر 1-سورہ الرحمن کی روشنی میں انسانی تخلیق کے عجائب پر تفصیلی نوٹ قلمبند کریں۔ نیز آیت (فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ) کے تکرار کی حکمتیں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2-سورہ اللھب کا تفسیر المراغی کی روشنی میں لفظی اور بامحاورہ ترجمہ کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3-سورہ اخلاص کی فضیلت بیان کیجئے نیز اس کے مضامین پر پر مغز نوٹ لکھیں۔؟ (20)

سوال نمبر 4-سورہ النجم کی آیت 16تا18 کے اہم مضامین کیا ہیں؟ تفسیر ضیاء القرآن کی روشنی میں جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5-سورہ الجمعہ کی آیت (5تا10) کی تفسیر (معارف القرآن از مولانا محمد شفیع) کی روشنی میں کیجئے نیز چیدہ چیدہ مذکورہ فضائل اخلاق پر روشنی ڈالیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ:6 تا 9 )

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر 1-حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت کے تمام مراحل سورہ نوح کی روشنی میں تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- تفہیم القرآن کی روشنی میں سورہ المزمل کے بنیادی مضامین پر بحث کرتے ہوئے سورہ کا جامع خلاصہ تحریر کریں۔؟ (20)

سوال نمبر 3-معارف القرآن از مولانا محمد شفیع کی روشنی میں سورہ الدہر کی ابتدائی چھ آیات کے معارف اور مسائل پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4-سورہ القیامہ میں "النفس اللوامة" سے کیا مراد ہے؟ معارف القرآن (از مولانا محمد شفیع) کی روشنی میں صوفیائے کرام کے نزدیک نفس کی اقسام اور حقیقت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5-" الغاشية" سے کیا مراد ہے؟ اہل جہنم اور اہل جنت کے حوالے سے سورہ الغاشیہ میں کیا بیان ہوا ہے؟ تفسیر ماجدی کی روشنی میں تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)